06/03/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  عارف حسین سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل راج بھون جموں میں شری امر ناتھ جی شرائن بورڈ کی 48 ویں بورڈ میٹنگ کی صدارت کی ۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ اس سال سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا تین جولائی کو دونوں یعنی پہلگام اور بال تل کے راستوں سے شروع ہو گی اور یہ 9 اگست 2025 کو رکھشا بندھن کے موقعہ پر اختتام پذیر ہو گی ۔

لیفٹنٹ گورنر نے اس موقعہ پر متعلقہ محکمونکی جانب سے ہاتھ میں لئے گئے پروجیکٹوں کی تیز تر عمل آوری کی ہدایت دی تاکہ یاترا کے دونوں راستوں اور باقی مقامات پر یاتریوں کے لئے تمام لازمی سہولیات یاترا شروع ہونے سے قبل دستیاب کرائی جا سکیں ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں بجلی کے بنیادی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور بجلی کے نقصانات کو کم کرنے کی غرض سے Revamped Distribution سیکٹر سکیم RDSS کو لاگو کیا جا رہا ہے ۔

قانون ساز اسمبلی مینکل شکتی راج پریہار کے ایک سوال کے جواب میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جموں کشمیر میں بجلی کے ترسیلی اور تقسیمی نقصانات ملک بھر میں سب سے زیادہ ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ ان نقصانات کو کم کرنے کے لئے RDSS سکیم کے ساتھ ساتھ سمارٹ میٹر نصب کئے جا رہے ہیں اور اس مقصد کے لئے رقومات پہلے ہی واگذار کی گئی ہیں ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے محکمہ اطلاعات کی جانب سے یوٹی بھر میں منشیات کے مضر اثرات سے متعلق بیداری مہم کے لئے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا ۔

انہوں نے رِسورس پرسنز کی تربیت کی ضرورت کو اجا گر کرتے ہوئے ہدایت دی کہ تربیت یافتہ افراد کا ایک
پو

---

ل دستیاب رکھا جانا چاہئے جو ہر بلاک اور پنچایت میں جا کر لوگوں میں نشہ کے مضر اثرات ¾ سے متعلق وسیع بیداری پیدا کریں ۔ میٹنگ میں سبھی ضلع ترقیاتی کمشنروں نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت کی ۔

محمد اعجاز اسد

دیہی ترقی اور پنچایت راج محکمہ کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے کل ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جموں کشمیر میں دیہی ترقی کی وزارت کے ذریعہ ایم جی نریگا ، پردھان منتری آواس یوجنا گرامین، جموں کشمیر رورل لائیو لی ہُڈ مشن اور حمایت کے لئے سالانہ ایکشن کمیٹی سیشن کے لئے تیاریوں کا جائزہ Empowered پلان کو حتمی شکل دینے کی غرض سے لیا ۔

میٹنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ محکمہ دیہی علاقوں کے رہائشیوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کی غرض سے پائیدار بنیادی ڈھانچہ پر توجہ مرکوز کر رہا ہے ۔

ڈپٹی کمشنر کو لگام

ڈپٹی کمشنر کو لگام اطہر عامر خان نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں کامن سروس سنٹروں کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ میٹنگ کے دوران بتایا گیا کہ ضلع میں کُل 528 کا من سروس مراکز کام کر رہے ہیں جن میں سے 378 سر گرم ہیں اور ہر گرام پنچایت میں ایک کا من سروس سینٹر قائم ہے۔

اس موقع پر انہوں نے ہدایت دی کہ ضلع کے دور دراز علاقوں میں ایسے مزید مراکز قائم کئے جانے چاہئیں ۔

بڈگام

ضلع انتظامیہ بڈگام نے ضلع بھر میں چلائی جا رہی صفائی سکیم کے دوسرے روز محکمہ دیہی ترقی اور میونسپل کاونسلوں کے اشتراک سے پنچایت کھاگ، سویہ بُگ ، رَسو، راولپورہ، سبھی کمپلیکس بڈگام میں صفائی مہم چلائی ۔ اس دوران مساجد اور RDD بلاک ڈیولپمنٹ دفتروں اور امام باڑوں کے گرد و نواح میں بھی صفائی ستھرائی کا کام انجام دیا گیا ۔

ڈپٹی کمشنر شوپیان

ڈپٹی کمشنر شوپیان ششر گپتا نے کل آلوپورہ شوپیان میں مائیگرنٹ پنڈت ملازمین کے لئے ٹرانزٹ اقامتی سہولیات کی تعمیر کا جائزہ لینے کیلئے علاقے کا دورہ کیا۔

انہوں نے پورے پروجیکٹ کو مقررہ وقت پر مکمل کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے عمل آوری ایجنسی کو ہدایت دی کہ وہ کام کی رفتار میں سرعت لائے۔

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا نے جموں و کشمیر اسمبلی کے انتخابات کے انعقاد میں مثالی کار کردگی دکھانے والے افسران و اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کی ۔

انہوں نے ان اہلکاروں کی طرف سے جمہوری اقدار کو قائم رکھتے ہوئے بلا خلل پولنگ عمل یقینی بنانے کے لئے ان افسران و اہلکاروں کے کردار اور پیشہ واریت کی تعریف کی ۔

ICC

چمپئنز ٹرافی کرکٹ کے دوسرے سیمی فائنل میں کل نیو زی لینڈ نے ICC قذافی سٹیڈیم لاہور میں جنوبی افریقہ کو شکست دے کر فائنل میں جگہ بنا لی ۔ اب اتوار کو فائنل میچ بھارت اور نیو زی لینڈ کے درمیان کھیلا جائے گا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 0 اعشاریہ 5ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 8 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ